# رہنمائے والدین برائے IAP
# اختتامِ یونٹ طلبہ رپورٹس
# 8-6 جماعتوں کے لیے

Innovative Assessment Program
LEAP
ELA Guidebooks Assessment
Student Report

## ای ایل اے رہنما کتب امتحانات کو کیا چیز جدید بناتی ہے؟

تجددانہ امتحان پروگرام (IAP) کے جزُ، ای ایل اے رہنما کتب امتحان کے بارے میں منفرد یہ ہے کہ یہ ان کتب اور موضوعات پر مرتکز رہتا ہے جو آپ کے طالبِ علم نے جماعت میں پڑھے ہوں۔ یہ پیمائش کرتا ہے کہ طلبہ نے انگریزی زبان آرٹس کے نصاب میں کیا سیکھا ہے اور سال بھر معلومات فراہم کرتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ طالبِ علم کی پیش رفت کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے یونٹ کے دوران مکمل ہونے والی ہدایاتی سرگرمیوں پر طالبِ علم کی کارکردگی کے ساتھ ساتھ ان کے نتائج استعمال ہو سکتے ہیں۔

امتحانات کی تینوں نشستوں میں شرکت کرنے والے طلبہ کے لیے، جماعت 8-6 ای ایل اے رہنما کتب امتحانات، سپرنگ اختتامِ سال LEAP 2025 امتحانات میں طالبِ علم کی شرکت کی جگہ لے لیں گے۔

جیسا کہ یہ امتحان سال بھر طالبِ علم کی کارکردگی کی پیمائش کرتا ہے، رواں موسمِ گرما تک، جب طلبہ اختتامِ سال کی رپورٹ موصول کریں گے، مجموعی نتائج دستیاب نہیں ہوں گے۔ اختتامِ سال کے حتمی نتائج تینوں نشستوں سے اعداد و شمار کی عکاسی کریں گے اور ELA میں آپ کے طالبِ علم کی بطورِ کل کارکردگی کی نشاندہی کرنے والی سطحِ کامیابی پر مشتمل ہوں گے۔ سطوحِ کامیابی – اعلیٰ، کامل، بنیادی، قریبِ بنیادی اور غیرتسلی بخش — LEAP 2025 امتحان میں طالبِ علم کی کارکردگی بیان کرنے کے لیے استعمال ہونے والی سطوحِ کامیابی کے مشابہ ہیں۔

دراریں اثناء، اختتامِ یونٹ رپورٹس نہ صرف یونٹ ٹیسٹ میں طالبِ علم کی کارکردگی سے متعلق معلومات فراہم کرتی ہیں، بلکہ مستقبل میں ELA رہنما کتب یونٹس سے نمٹتے ہوئے طلبہ کو درکار معاونت سے متعلق تفصیلات بھی شامل ہوتی ہیں۔

## میرے طالبِ علم نے اس اختتامِ یونٹ امتحان میں کس طرح کا مظاہرہ کیا؟

طالبِ علم کی کارکردگی کو سمجھنے میں آپ کی مدد کے لیے، اس رپورٹ میں امتحان سے متعلق عمومی معلومات شامل ہوتی ہیں، تاہم یہ امتحان کے ہر حصے سے متعلق آپ کے طالبِ علم کی کارکردگی کو بھی بیان کرتا ہے۔


آپ کے طالبِ علم کی کارکردگی تین زمرہ جات میں بتائی جاتی ہے:

- یونٹ عبارات کا علم: آپ کے طالبِ علم نے جماعت میں پڑھائی گئی عبارات کو کس قدر خوبی سے سمجھا
- یونٹ کے علم کا استعمال: آپ کے طالبِ علم نے جماعت میں پڑھے گئے تصورات سے متعلق ایک نئی عبارت کو کس قدر خوبی سے سمجھا
- عبارات کے مابین علم کی ترکیب اور اظہار: آپ کا طالبِ علم جماعت میں پڑھی ہوئی عبارات اور نئی عبارات سے متعلق کس قدر خوبی سے تحریر کر سکتا ہے

تینوں زمرہ جات کے لیے درج ذیل کو شامل کیا گیا ہے تاکہ آپ یہ سمجھ سکیں کہ آپ کا طالبِ علم کس طرح پیش رفت کر رہا ہے:

- ایک سے تین ستارے اور مستحکم، اوسط، یا کمزور کی درجہ بندی، جو کہ درج ذیل اختتامِ سال کی سطوحِ کامیابی سے متعلق ہیں:
  - کسی رپورٹنگ زمرہ میں مستحکم درجہ بندی سے یہ مراد ہے کہ ان اجزاء میں کارکردگی کامل یا اعلیٰ سطح کی کارکردگی کے متقابل ہے۔
  - کسی رپورٹنگ زمرہ میں اوسط درجہ بندی سے یہ مراد ہے کہ ان اجزاء میں کارکردگی بنیادی سطح کی کارکردگی سے متقابل ہے۔
  - کسی رپورٹنگ زمرہ میں کمزور درجہ بندی سے یہ مراد ہے کہ ان اجزاء میں کارکردگی قریبِ بنیادی یا غیر تسلی بخش سطح کی کارکردگی سے متقابل ہے۔
- اس امر کی تفصیل کہ ہر زمرہ کے طلبہ کیا کر سکتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ وہ حصے جہاں طلبہ کو پیش رفت میں مدد درکار ہو سکتی ہے
- آپ کے طالبِ علم کی جماعت، سکول، سکول سسٹم، اور IAP میں شرکت کرنے والے تمام سکول سسٹمز میں – اسی یونٹ کا امتحان دینے والے دیگر طلبہ سے موازنے۔

آئندہ صفحہ پر تصویر میں نمونہ کے طور پر ایک رپورٹ کا جزُ دکھایا گیا ہے جو دوسرے رپورٹنگ زمرہ، یونٹ کے علم کے استعمال، سے متعلق معلومات فراہم کرتی ہے۔




## ان نتائج کو کیسے استعمال کیا جانا چاہیئے؟

حال ہی میں پڑھائے گئے یونٹ میں طلبہ کی کارکردگی کو سمجھنے میں اساتذہ کی مدد اور آئندہ یونٹ پر کام کرتے ہوئے طلبہ کے لیے معاونت کے تعین کے لیے ان معلومات کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔بطورِ والدین، آپ اپنے طالبِ علم کے معلم سے بات چیت میں رہنمائی کے لیے ان نتائج کو استعمال کرسکتے/سکتی ہیں۔

ذیل میں چند مجوزہ سوالات ہیں جو آپ اپنے بچے کے ٹیچر سے نتائج پر بات چیت کے دوران کر سکتے ہیں:

- جماعت میں اس یونٹ کی کارکردگی سے میرے بچے کے امتحانی نتائج کا موازنہ کیسا ہے؟
- جن حصّوں میں میرے طالبِ علم کو مزید معاونت کی ضرورت پڑ سکتی ہے ان پر توجہ دینے یا جن حصّوں میں اس نے جوہر دکھائے ہیں، ان میں میرے طالبِ علم کو چیلنج کرنے کے لیے آئندہ یونٹس میں کیا کیا جا سکتا ہے؟
- میں گھر پر سیکھنے میں کیسے اپنے بچے کی مدد کر سکتا/سکتی ہوں؟
- ہم اس امر کو کیسے یقینی بنائیں کہ میرا بچہ پیش رفت جاری رکھے؟

## کارآمد لنکس

- **ای ایل اے رہنما کتب رہنمائے والدین (بشمول گریڈ سطح پر یونٹس کے خلاصے)**
  - **جماعت 6:** https://www.louisianabelieves.com/docs/default-source/teacher-toolbox-resources/grade-6---ela-guidebook-parent-guide.pdf
  - **جماعت 7:** https://www.louisianabelieves.com/docs/default-source/teacher-toolbox-resources/grade-7---ela-guidebook-parent-guide.pdf
  - **جماعت 8:** https://www.louisianabelieves.com/docs/default-source/teacher-toolbox-resources/grade-8---ela-guidebook-parent-guide.pdf
- **لوایزیانہ کے کلیدی اقدامات – تجددانہ امتحانی پروگرام (IAP کی مختصر تاریخ مہیا کرتا ہے):** https://www.louisianabelieves.com/docs/default-source/key-initiatives/louisiana's-key-initiatives---innovative-assessment-program.pdf
- **ACCELERATE ویب پیج (طلبہ کو دستیاب معاونت سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے):** https://www.louisianabelieves.com/academics/accelerate

**طالبِ علم کے سیکھنے میں آپ کی مدد کے لیے اضافی آلات اور مواد کے لیے گھر پر،فیملی سپورٹ ٹول باکس وزٹ کریں**
**https://www.louisianabelieves.com/resources/family-support-toolbox**




LOUISIANA DEPARTMENT OF EDUCATION